کہتے ہیں فرقہ واریت۔ حکومت پر یہ بات واضح ہو جانی چاہئے کہ اس ملک میں فرقہ واریت کون پھیلاتا ہے؟؟ فرقہ واریت کا تو اسلام میں کوئی وجود ہی نہیں ہے۔ اسلام تو کتاب اللہ اور سنتِ رسول اللہؐ کا نام ہے۔ آنحضورﷺ کی پوری زندگی میں ماتم اور جشن کے جلوس نہیں نکلے۔ تو پھر یہ جلوس کیسے اسلام ہو سکتے ہیں؟ جبھی تو اس کا نام فرقہ واریت ہے..... یہ قابل مذمت ہے..... یہ قابل گرفت ہے..... اسی کی سرکوبی ہونی چاہئے..... اسی کا قلع قمع ہونا چاہئے..... اور اسی کیلئے سخت قانون بنانا چاہئے!!!!!

وماعلینا الاالبلاغ

عزیزم ابوبکر صدیق مع برادران کو صدمہ

ان کے والد گرامی حضرت مولانا قاری عبد الغفار کا سانحۂ ارتحال

پاکستان میں واحد عربی روزنامہ ''أهم الأخبار'' کے چیف ایڈیٹر عزیزم ابوبکر صدیق جو کہ ہمارے کزن مفتی محمد شفیع کے داماد ہیں کے والد محترم حضرت مولانا قاری عبد الغفار صاحب 18 مئی بروز ہفتہ مختصر علالت کے بعد اس دنیائے فانی سے رخصت ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ان کی وفات کی خبر پہنچتے ہی جامعہ میں غم وصدمہ کی لہر دوڑ گئی۔ تمام اساتذہ اور طلبہ نے ان کی قومی اور ملکی خدمات کو سراہا۔

ان کی میت کو اسلام آباد سے ان کے آبائی گاؤں چک نمبر 10-R/102 جہانیاں خانیوال تدفین کیلئے لے جایا گیا۔ نماز جنازہ میں شرکت کیلئے جہلم سے ایک بڑا قافلہ حافظ عبد الحمید عامر کی معیت میں خانیوال پہنچا۔ جہاں انہوں نے ان کے نماز جنازہ اور تدفین میں شرکت کی۔

ادارہ ''حرمین'' عزیزم ابوبکر صدیق اور دیگر ورثاء کے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

موت العالم موت العالم

قحط الرجال کے اس دور میں گزشتہ کئی ماہ سے مسلسل علمائے کرام اس دنیا سے اٹھتے جا رہے ہیں۔ مگر ان کا خلاء پر ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ اس صورت حال پر آنحضرت ﷺ کی پیشین گوئی پوری ہوتی نظر آ رہی